اَلحَمدُلِلّٰہِ رَبِّ العٰلَمِین وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِالمُرسَلِین اَمَّا بَعد فَاَعُوذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیم بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم

جدول برائے ذہنی آزمائش (پہلے ہفتے)

(1) پہلا راؤنڈ: خالی جگہیں بتائیے۔

(دونوں ٹیموں سے چار، چار سوالات پوچھے جائیں) (20 نمبر)

1. وضو کے ------ فرائض ہیں۔
2. وضو کے ------ مکروہات ہیں۔
3. وضو کے ------ مستحبات ہیں۔
4. ------ نماز کی چابی ہے اور نماز جنّت کی چابی ہے۔
5. غسل کے ------ فرائض ہیں۔
6. بے غسل شخص کو ------ کہتے ہیں۔
7. غسل فرض ہونے کے ------ اسباب ہیں۔
8. جس گھر میں ----- اور ------ ہو اس گھر میں فرشتے داخل نہیں ہوتے۔

(2) دوسرا راؤنڈ: درست جوابات بتائیے۔

(دونوں ٹیموں سے چار، چار سوالات پوچھے جائیں) (20 نمبر)

1. زبر، زیر، پیش کو کیا کہتے ہیں؟ **(حرکات، لین، تنوین)**
2. حروفِ مستعلیہ کتنے ہیں؟ **(7،9،8)**
3. مدّ کے کیا معنٰی ہیں؟ **(چھوٹا کرنا، دراز کرنا، جھٹکا دینا)**
4. لین کے کیا معنٰی ہیں؟ **(سختی کرنا، اونچا کرنا، نرمی کرنا)**
5. حروفِ تہجی کل کتنے ہیں؟ **(19،30،29)**
6. حروفِ قلقلہ کتنے ہیں؟ **(8،5،7)**
7. **ع، ح** حلق کے کس حصّے سے ادا ہوتے ہیں؟ **(اوپر والے، نیچے والے، درمیان سے)**
8. **ش** کون سا حرف ہے؟ **(نرمی والا، سختی والا، سیٹی والا)**

(3) تیسرا راؤنڈ: مختصر سوالات کے جوابات دیجئے۔

(دونوں ٹیموں سے چار، چار سوالات پوچھے جائیں) (30 نمبر)

1. نماز کی شرائط کتنی ہیں؟
2. سدل سے کیا مراد ہے؟
3. نماز کے دوران انگلیاں چٹخانے کا حکم بتائے؟
4. تشبیک کسے کہتے ہیں؟
5. تسمیع کسے کہتے ہیں؟
6. کسی عضو کو دھونے کی تعریف کیا ہے؟
7. جلسہ کسے کہتے ہیں؟
8. قومہ کسے کہتے ہیں؟

(4) چوتھا راؤنڈ: اسلامک جنرل نالج سوالات کے جوابات دیجئے۔

(دونوں ٹیموں سے چار، چار سوالات پوچھے جائیں) (30 نمبر)

1. چار مشہور آسمانی کتابوں کے نام بتائیے؟
2. چار مشہور فرشتوں کے نام بتائیے؟
3. ان چار مشہور فرشتوں کے ذمے جو کام ہیں وہ بتائیے؟
4. قرآنِ پاک کی کل کتنی سورتیں ہیں؟
5. قرآنِ پاک کی چار سورتوں کے نام بتائیے؟
6. قرآنِ پاک میں جن انبیاء کرام کا ذکر موجود ہے ان میں سے کسی چار کے نام بتائیے؟
7. قرآنِ پاک میں کل کتنے سجدے ہیں؟
8. چار مشہور صحابۂ کرام کے نام بتائیے؟

اَلحَمدُلِلّٰہِ رَبِّ العٰلَمِین وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِالمُرسَلِین اَمَّا بَعد فَاَعُوذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیم بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم

جدول برائے ذہنی آزمائش (دوسرے ہفتے)

(1) پہلا راؤنڈ: خالی جگہیں بتائیے۔

(دونوں ٹیموں سے چار، چار سوالات پوچھے جائیں)

1. نماز کے ------ فرائض ہیں۔
2. نماز کی ------ شرائط ہیں۔
3. نماز کی ------ سنتیں ہیں۔
4. نماز کے ------ مستحبات ہیں۔
5. نماز کے ------ واجبات ہیں۔
6. نماز ------ کا ستون ہے۔
7. عملِ کثیر نماز کو ---------- کر دیتا ہے۔
8. قعدۂ اولی ------ ہے۔

(2) دوسرا راؤنڈ: درست جوابات بتائیے۔

(دونوں ٹیموں سے چار، چار سوالات پوچھے جائیں)

1. کھڑی حرکات کس کے قائم مقام ہے؟ **(حروفِ مستعلیہ، حروفِ لین، حروفِ مدّہ کے)**
2. جس حرف پر جزم ہو اسے کیا کہتے ہیں؟ **(ساکن، منون، متحرک)**
3. حرفِ مدہ کی مقدار کتنی ہے؟ **(دو الف، تین الف، ایک الف)**
4. **خَوْفِ** میں وقف کی صورت میں کونسا مدّ ہو رہا ہے؟ **(مدِّ عارض، مدِّ لین عارض، مدّ منفصل)**
5. **قَالُوْا** میں وقف کی صورت میں کونسا مدّ ہو رہا ہے؟ **(مدِّ عارض، مدِّ لین عارض، مدّ لازم)**
6. **حرکات کو کیسے پڑھیں گے؟ (کھینچ کر، بغیر کھینچے، جھٹکا دے کر)**
7. **ج کونسا حرف ہے؟ (طرفیہ، شجریہ، حافیہ)**
8. **ق کونسا حرف ہے؟ (لہویہ، نطعیہ، شفویہ)**

(3) تیسرا راؤنڈ: مختصر سوالات کے جوابات دیجیئے۔

(دونوں ٹیموں سے چار، چار سوالات پوچھے جائیں)

1. وضو کا عملی طریقہ کر کے دیکھائیے؟
2. نماز کا عملی طریقہ کر کے دیکھائیے؟
3. بہتے پانی میں غسل کا طریقہ بتائیے؟
4. بچی کب بالغہ ہوتی ہے؟
5. نماز کی شرائط کے نام بتائیے؟
6. نماز کے فرائض کے نام بتائیے؟
7. وضو کے بعد کون سی دعا پڑھنا چاہیئے؟
8. وضو کے بعد سورۂ قدر پڑھنے کی کیا فضیلت ہے؟

(4) چوتھا راؤنڈ: اسلامک جنرل نولیج سوالات کے جوابات دیجیئے۔

(دونوں ٹیموں سے دو، دو سوالات پوچھے جائیں)

1. مردوں میں سب سے پہلے کس نے اسلام قبول کیا؟
2. عورتوں میں سب سے پہلے کس نے اسلام قبول کیا؟
3. غیبت کی تعریف بتائیے؟
4. تکبر کی تعریف بتائیے؟
5. آبِ زم زم کس پیغمبر کے قدمین مبارک سے جاری ہوا؟
6. چار مشہور اولیاء کرام کے نام بتائیے؟
7. چار امہات المؤمنین کے نام بتائیے؟
8. چار اسمائے حسنیٰ یعنی اللہ تبارک وتعالی کے نام بتائیے؟

مدنی پھول:

☆ درجے میں موجود تمام اسلامی بہنوں کو برابر برابر دو ٹیموں میں تقسیم کر دیا جائے اور ان کے نام بھی رکھ دیئے جائیں۔

مثلاً: مکی ٹیم، مدنی ٹیم

☆ سوالات پوچھنے کا طریقہ یہ ہو کہ دو سوال ایک ٹیم سے پھر دو سوال دوسری ٹیم سے پوچھے جائیں۔

☆ ہر سوال کے جواب کے لیے 12 سیکنڈ کا ٹائم دیا جائے 12 سیکنڈ کے بعد درست جواب دینے پر بھی 0 نمبر دیئے جائیں۔